| ای میل ایڈریس | سیل نمبر | سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر / فولیو نمبر | سی این آئی سی نمبر | کمپنی کا نام | رکن کا نام |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ ہونے والے اراکین کو کمپنی کی طرف سے اسی ای میل ایڈریس پر ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا جس سے وہ کمپنی کو ای میل کرتے ہیں۔ ویڈیو کانفرنسینگ کے ذریعے صرف انہی ممبران کو سالانہ اجلاس عام میں خوش آمدید کہا جائے گا جن کے نام رجسٹریشن کے لئے کمپنی کو فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق ہوں گے۔ اجلاس میں شامل رہنے کی یہ سہولت اجلاس کے آغاز سے کارروائی کے اختتام تک میسر رہے گی۔

**2۔ حصص منتقلی کے کھاتوں کی بندش**

کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں 15۔اکتوبر 2025ء تا 22 اکتوبر 2025ء (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔ 14۔اکتوبر 2025ء کو کاروبار کے اختتام سے قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر واقع سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99۔بی، بلاک۔بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں موصول ہونے والے ترتیب شدہ انتقالات سالانہ عام اجلاس میں شرکت، اظہار رائے اور حق رائے دہی کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

**3۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب**

کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹرز (نظماء) سالانہ اجلاس عام منعقدہ 25۔اکتوبر 2022ء کو منتخب ہوئے۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1) 159 کے مطابق (مجلس نظماء) بورڈ نے ڈائریکٹرز (نظماء) کی تعداد سات متعین کر دی ہے جنہیں سالانہ اجلاس عام میں اگلے تین سال کی مدت کے لیے منتخب کیا جائے گا۔ کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹر (ناظم) کے انتخاب میں شرکت کا خواہشمند ہے خواہ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز (نظماء) ہوں یا کوئی اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ واقع دوسری منزل بزنس پلازہ، دوسری منزل، ممتاز حسن روڈ، کراچی پر اجلاس سے 14 روز قبل مندرجہ ذیل کاغذات جمع کروائے؛

ا) کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)159 کے مطابق مرد/عورت کا ڈائریکٹرز (نظماء) کے انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔

ب) کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 167 کے تحت فارم 09 کے ذریعے بحیثیت ڈائریکٹر (ناظم) عمل کی رضامندی۔

ج) مرد/عورت کا فولیو نمبر/CDC انویسٹرا کاؤنٹ نمبر/CDC میں شرکت کا نمبر/ذیلی اکاؤنٹ نمبر۔ ڈائریکٹرز (نظماء) کے انتخاب میں حصے لینے والے شخص کے لئے ضروری ہے کہ جس وقت وہ انتخاب کے ارادہ کا باضابطہ اظہار کرے وہ کمپنی کا رکن ہو ماسوائے کہ وہ کسی غیر فطری شخص کی نمائندگی نہ کر رہا ہو جس میں تقرر کے لئے مجاز اتھارٹی کی توثیق کی ضرورت ہو گی۔

د) کمپنی کی ویب سائٹ پر آویزاں کرنے کے لئے دفتری پتہ سمیت ذاتی تفصیلات۔

ہ) دیگر ڈائریکٹرشپ کی تفصیلات جن کے حامل ہیں۔

و) جو شخص آزاد ڈائریکٹر (ناظم) کی حیثیت سے انتخاب میں حصہ لے رہا ہے یہ اقرار نامہ بھی جمع کروائے گا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے تحت مطلع کردہ اور مجریہ قواعد وضوابط کے مطابق آزادی اور اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہے۔

ز) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی باضابطہ مصدقہ نقل۔

ح) مندرجہ ذیل کا اقرار کہ:

☆ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 153 کے تحت فہرستی کمپنی (ضابطہ برائے کاروباری نظم ونسق) ریگولیشنز 2019ء اور کسی دوسرے قابل اطلاق قوانین اور قواعد وضوابط کے تحت وہ (مرد/عورت) کسی فہرستی کمپنی کا ڈائریکٹر (ناظم) بننے کے لیے نااہل نہیں ہے۔

☆ وہ (مرد/عورت) سات سے زائد فہرستی کمپنیوں کے ڈائریکٹر (ناظم) کے طور پر کام نہیں کر رہا/رہی ہے۔

☆ وہ (مرد/عورت) کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور اسٹاک ایکسچینج کی لسٹنگ کے قواعد وضوابط کے متعلقہ قوانین کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے بخوبی آگاہ ہیں۔

ط) امیدواروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ڈائریکٹران کے انتخابات سے متعلقہ شقوں / لوازمات کا بغور مطالعہ کریں جو کہ کمپنیز ایکٹ 2017 اور فہرستی کمپنی (ضابطہ برائے کاروباری نظم ونسق) کے قواعد وضوابط 2019 میں بیان کی گئی ہیں اور دیگر قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی پاسداری کو یقینی بنائیں۔

ی) ایس آر او 2018(I)254 مجریہ 22۔فروری 2018 کے قواعد وضوابط 11 کے تحت یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کا بورڈ کے ذریعے جانچنے والا تقرر کیا گیا ہے, وہ رائے شماری کے عمل کی خود مختار جانچ کے لئے ضروری علم اور تجربہ کے حامل ہیں۔

